1989ء سے مسلسل اشاعت | 20 تا 26 جنوری 2023 | شمارہ نمبر 4 | جلد نمبر 35

# ہفت روزہ پیپر بزنس کراچی

بانی: محمد رؤف

پیپر، پیپر بورڈ اور اسٹیشنری کے مینوفیکچررز، انڈنٹرز، امپورٹرز و ایکسپورٹرز، ٹریڈرز، پرنٹرز، سپلائرز اور پرنٹنگ کی صنعت سے وابستہ اداروں کے درمیان رابطہ کا پاکستان کا واحد باقاعدہ تصدیق شدہ پہلا تجارتی جریدہ

MC - 547 Price Rs. 100/-


# FAIR TRADE (Pvt) Limted

A Trusted & Reliable Name for Geniune Trading of Paper & Board

Serving Since 1975

| Distributors | Importers |
|---|---|
| Flying Paper | Offset Paper |
| Bulleh Shah ( Packages ) | Bleached Board |
| Crown ( Fazal Paper ) | Art Card |
| Chenab ( A.K Ind. ) | |

4, Muhammadi Terrace, Tayyebji Road, Karachi.
Ph: 021-32625600 - 32625633 , Fax: (92-21) 32621614
Whatsapp: 0334-0209809, Email: fairtrade1961@gmail.com

IBM™

ISO 900: 2015
International Business Management
CERTIFIED

PT. PABRIK KERTAS TIJWI KIMIA TBK

ART PAPER NEVIA

NINGBO FOLD Little Star Bleach Board

pindo deli paper products

Indah Kiat Pulp and Paper Products

SINAR

VERITAC SELF ADHESIVE STICKER PAPER

Brands of the year Award 2010

Brands of the year Award 2011-2012

111-IBM-PAK
Please Contact For Booking

First Floor, Darul Hina Building Tayabjee Road, Near Burhani Hospital Karachi.. 74200
PAKISTAN. Ph: +92-2132627061 Fax # 92-21-32629786 UAN: 111-426-725
Email: saleem.bikiya@ibmpak.com website: www.ibmpakistan.com






bmp — بزنس مین پینل

BMG — بزنس مین گروپ

کراچی و لاہور میں خدمت کے 13 سال

جناب محمد سلیم بیکیا اور جناب خامس سعید بٹ کی قیادت پر ملک بھر کے پیپر مرچنٹس کا اعتماد

محمد سلیم بیکیا
چیئرمین

کل بھی تھا ۔ آج بھی ہے اور آئندہ بھی رہے گا

خامس سعید بٹ
گروپ لیڈر






Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

**tjiwi kimia**
paper products
www.tjikimia.co.id

# PAPER THAT WORKS EVERYDAY



## ART PAPER

- 2/S COATED ART PAPER
- SINAR BRAND

EnOva SINAR



## PHOTOCOPY PAPER

- PAPERLINE GOLD
- INTEGRITE
- PAPERLINE
- AONE
- EXCELPRO

GOLD · ExcelPro · PAPERLINE · a1ne



## WOODFREE PAPER

- SINAR ROYAL WHITE WOODFREE PAPER
- EXTRAPRINT PAPER PLUS
- WOODFREE BLUISH WHITE PAPER

eXp EXTRAPRINT LUXURY OFFSET · eXp pplus EXTRAPRINT LUXURY OFFSET · eXp srw EXTRAPRINT LUXURY OFFSET



## SPECIALTY & CARBONLESS PAPER

- CONCORDE CAST COATED PAPER/BOARD
- FOOPAK GRASEPROOF PAPER
- ENZA KRAFT PAER

Impressions CARBONLESS · Ellustra DRAWING PAPER · enza · foopak · CONCORDE



## QUALITY STATIONERY ITEMS

- SINARLINE OFFICE & STATIONERY PRODUCTS MAKE YOUR BUSY SCHEDULE ALL IN ORDER!

SINARLINE



## OTHER PRODUCTS

- OFFSET PRINTING PAPER
- SINAR BLUISH WHITE
- PAPER PLUS
- 1/S CAST COATED BOARD/PAPER
- RECYCLED PAPER
- SINAR BLUISH WHITE
- WOODFREE PAPER

paperplus

## FOR BOOKING CONTACT

IBM™
ISO 9001: 2015 CERTIFIED

**INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT**

First ISO 9001-2015 Certified Paper Identing Company in Pakistan
First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road Near Burhani Hospital, Karachi UAN:111-IBK-PAK
Ph # 92-21-32627061-63, Fax # 92-21-32629786
Email: saleemibm@cyber.net.pk, Website:www.ibmpakistan.com

BRANDS ICON OF PAKISTAN 2010
Brands of the year Award IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS
Brands of the year Award IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

we Serve unique
& best quality paper
to build
on brand loyality

# BIKIYA PAPER MART

IK BLUISH WHITE OFFSET PAPER
THE MAGIC NUMBER 035
THINK OF PAPER THINK OF IK

SINARROYAL WHITE
WOODFREE PAPER

pindo deli
paper producs

FajarPaper

tjiwi kimia
paper products

CONTACT
Shop # 1, Bikiya Manzil, Faiz Muhammad Fateh Ali Road, Karachi
phone:021-32620210, 32626021

# BILAL PAPER MART

A Very Famous Name For Indonesian Paper & Board Products

- Coated Duplex Board
- Coated Art Card
- Offset Printing Paper
- Art Paper
- Sticker Paper
- Ivory Card
- Bleach

CONTACT
Shop # 8, Salma Manzil , Faiz Muhammad Fateh Ali Road, Karachi 74200
Phone: 021-32626285, 32626391, 32630109



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

ہفت روزہ
پیپر بزنس کراچی

اشاعت: بروز جمعہ

**پبلشر حرا رؤف**

نے پرنٹر عبدالغیور، ٹارگٹ پرنٹرز سے چھپوا کر 14 بتول مارکیٹ، کراچی سے شائع کیا

یہ شمارہ 22 رنگین اور 18 عمومی صفحات پر مشتمل ہے

**رابطہ افس**

A-144 بھایانی شاپنگ سینٹر، بلاک M
نارتھ ناظم آباد، بالمقابل فاروق اعظم مسجد، کراچی
137 سنی پلازہ، پہلی منزل، حسرت موہانی روڈ، کراچی
رابطہ: 021-32632362-0308-2933229
weeklypaperbusiness@gmail.com

**بانی: محمد رؤف**

**ایڈیٹوریل بورڈ**

پبلشر و ایگزیکٹو ایڈیٹر: حرا رؤف
اسسٹنٹ ایڈیٹر: نعمان علی
ڈیزائننگ: سمیر انصاری
پیج میکنگ: عمران صدیقی

**چارجز**

سالانہ معہ کوریئر (کراچی) 2500 روپے
سالانہ معہ کوریئر (بیرون کراچی) 3000 روپے
سالانہ بغیر کوریئر (کراچی) 1200 روپے
آن لائن ادائیگی: Summit بینک پیپر مارکیٹ کراچی
A/c-No: 0102560271401129 60
IBAN:PK72SUMB0256027140112960

قیمت: 100 روپے


# اگلے ہفتے سے ڈالرز آئیں گے تو زرمبادلہ ذخائر بڑھ جائیں گے، گورنر اسٹیٹ بینک

## اگر امپورٹرز ڈالر کا بندوبست کرتے ہیں تو ہمیں اعتراض نہیں ہوگا، جمیل احمد کی فیڈریشن میں خطاب کے دوران صنعتکاروں کو یقین دہانی، محمد سلیم بیکیا ورکرز کی نوکریاں ختم ہونے پر آبدیدہ

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) گورنر اسٹیٹ بینک جمیل احمد کا کہنا ہے کہ ڈالرز دیکھ کر امپورٹ کا فیصلہ کرتے ہیں، اگلے ہفتے سے ڈالرز آئیں گے تو زرمبادلہ کے ذخائر بڑھنا شروع ہو جائیں گے۔ فیڈریشن آف پاکستان چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹریز (ایف پی سی سی آئی) میں خطاب کرتے ہوئے گورنر اسٹیٹ بینک جمیل احمد کا کہنا تھا ہمیں کاروبار کو سہولت دینی ہے، کرنٹ اکاؤنٹ خسارے کے سبب ہمیں کچھ اقدامات کرنے پڑے۔ انہوں نے کہا کہ ہماری امپورٹس کم ہوئی ہیں، 33 ہزار ایل سیز کے کیسز کلیئر کیے ہیں، ایل سی کو جانچنے میں کافی وقت لگتا ہے، ایل سیز جلد کھول دیں گے۔ معاشی صورت حال یہی رہی تو مارچ تک ہنگامے




پھوٹ پڑیں گے، صنعتکار گورنر اسٹیٹ بینک کے سامنے پھٹ پڑے۔ اس موقع پر بیکیا انڈسٹریز کے سربراہ اور چیئرمین بزنس مین پینل آل پاکستان پیپر مرچنٹس محمد سلیم بیکیا صنعتوں کی بندش کے باعث مزدوروں کے نکالے جانے کے افسوسناک فیصلوں پر آبدیدہ ہو گئے اور کہا کہ اب تک ہزاروں لوگوں سے روزگار چھین لیا گیا ہے۔ اگر حکومت نے صنعتی خام مال کی درآمد پر پابندیاں ختم نہ کیں تو نہ صرف حکومت کا ریونیو شارٹ فال مزید بڑھے گا بلکہ ملک میں بدامنی بھی بڑھے گی اور لوٹ مار میں اضافہ ہوسکتا ہے۔ گورنر اسٹیٹ بینک کا کہنا تھا بینکس سے کہا ہے کہ خوراک، ادویات اور تیل کو ترجیح میں رکھیں، ہم نے ایکسپورٹ کے لیے امپورٹ مال کو ترجیح دی ہے، زرعی شعبے کے لیے امپورٹ میں سہولت پیدا کر رہے ہیں، مزید ڈالرز آتے ہی مزید امپورٹس کو سہولت دینے کا منصوبہ ہے، ڈالرز کو دیکھتے ہوئے ہی امپورٹ کا فیصلہ کرنا ہوتا ہے۔ گورنر اسٹیٹ بینک کا کہنا تھا اگر امپورٹرز ڈالر کا بندوبست کرتے ہیں تو ہمیں اعتراض نہیں ہوگا، ایکسپورٹرز کو اپنے ڈالرز سے امپورٹ کا بندوبست کرنے کی اجازت ہے۔ ان کا کہنا تھا اگلے ہفتے سے ملک میں ڈالرز آنا شروع ہو جائیں گے، اب زرمبادلہ ذخائر بڑھنا شروع ہوں گے، کچھ مال بلا اجازت امپورٹ کے سبب بھی پورٹ پر پھنسا ہوا ہے، شرح سود کے بارے میں فی الحال کچھ نہیں کہہ سکتا۔






# درآمد کنندگان کی شکایات کے ازالے کیلئے فوکل پرسنز تعینات کرنے کا مطالبہ

لاہور (نیوز ڈیسک) پاکستان ٹیکس ایڈوائزرز ایسوسی ایشن کے سینئر رہنما چودھری امانت بشیر نے کہا ہے کہ حکومت کسی تفریق کے بغیر خام مال کی ایل سیز کھولے اور درآمد کنندگان کی شکایات کے ازالے کیلئے فوری فوکل پرسنز تعینات کئے جائیں، خام مال کی درآمدات میں تعطل آنے کی وجہ سے بہت سے شعبوں کی پیداوار میں کمی ہوئی ہے اور اس کے اثرات ٹیکس آمدن اور بیروزگاری کی شرح میں اضافے کی صورت میں آنے والے مہینوں میں سامنے آئیں گے۔ مختلف صنعتوں کیلئے کیمیکل درآمد کرنے والے تاجروں کے وفد سے ملاقات میں گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ حالیہ مہینوں میں خام مال کی درآمد میں تعطل آنے سے ہزاروں کی تعداد میں صنعتی مزدور بیروزگار ہو گئے ہیں جس سے ملک میں بیروزگاری کا طوفان آئے گا۔ حکومت صنعتوں کو ان کی ضرورت کے مطابق خام مال درآمد کرنے کی اجازت دے تاکہ وہ 3 شفٹیں چلانے کے قابل ہوسکیں اور بیروزگار ہونے والے مزدور دوبارہ اپنے روزگار پر کھڑے ہوں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت بیشک لگژری آئٹمز کی درآمدات پر پابندی لگائے یا ان پر ڈیوٹی کی شرح کوکئی گنا بڑھائے لیکن خام مال کی درآمدات میں رکاوٹیں کھڑی نہ کی جائیں۔

## ڈالر کی دستیابی سے متعلق متعدد خبریں زیر گردش، عملاً صورتحال جوں کی توں

کراچی (پیپر بزنس نیوز) ملک میں ڈالر کی عدم دستیابی سے درآمدی تجارت کو درپیش مسائل میں فی الحال کوئی کمی نہیں آئی ہے اور پورٹ کلیرنس کے ساتھ ساتھ نئی ایل سیز کھولنے میں بھی رکاوٹیں موجود ہیں جس کے نتیجے میں ملک میں صنعتی خام مال کے ساتھ ساتھ کھانے پینے کی اشیا کی قلت کا بھی امکان پیدا ہوتا جا رہا ہے۔ اس سلسلے میں کبھی بینکوں اور کبھی اسٹیٹ بینک کے حوالے سے اچھی بری خبریں مسلسل سوشل میڈیا کا حصہ بن رہی ہیں لیکن حالات میں عملاً کوئی تبدیلی نہیں آئی ہے۔




یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# درآمدی کنسائنمنٹ کلیئر، کنٹینرز ریلیز نہ ہونے پر کراچی میں تاجروں کا اسٹیٹ بینک کے باہر دھرنا



کراچی (بزنس ڈیسک) ملک میں زرمبادلہ کی کمی کے باعث لیٹر آف کریڈٹ (ایل سیز) نہ کھولنے کے خلاف شہر قائد میں تاجر سڑکوں پر نکل آئے اور اسٹیٹ بینک کے باہر دھرنا دے دیا۔ بینکوں کی ترسیلی قبولیت کی دستاویز، ایل سیز کی عدم قبولیت کے خلاف کراچی ٹمبر مرچنٹس گروپ کی اپیل پر شٹر ڈاؤن ہڑتال کی گئی اور ٹمبر مارکیٹ کی تمام دکانیں بند رہیں۔ آل سٹی تاجر اتحاد اور آل پاکستان ٹمبر ٹریڈرز ایسوسی ایشن کے چیئرمین شرجیل گوپلانی نے کہا کہ لکڑی کے 700 کنٹینرز 45دن سے بندرگاہوں پر کلیئرنس کے منتظر ہیں، مزید 2000 کنٹینرز سمندری راستے میں ہیں جو پاکستان پہنچنے والے ہیں، اسٹیٹ بینک کے عدم تعاون کے خلاف ٹمبر کی 1600 دکانیں احتجاجا بند کردی گئی ہیں۔ ٹمبر مارکیٹ کے بیوپاریوں نے احتجاجی ریلی نکالی۔ شرکاء نے لکڑی کی تجارت بچاؤ، ڈالر دو کے نعرے لگائے۔ انہوں نے تاجر اور معیشت بچاؤ کے بینرز اٹھائے ہوئے تھے۔ احتجاجی ریلی کے باعث شدید ٹریفک جام ہوگیا۔ مظاہرین نے مارکیٹ میں قائم مختلف بینکوں کی شاخوں کو بھی بند کرادیا اور علاقے کے 16 بینکوں کے مینیجرز کو تالے تھما دیے۔ ٹمبر بیوپاریوں کی ریلی کراچی چیمبر کے باہر پہنچی اور چیمبر عہدیداروں کے خلاف احتجاج کیا۔ انتظامیہ نے کراچی چیمبر کے دروازے بند کردیے۔ ٹمبر مارکیٹ کے بیوپاریوں کی احتجاجی ریلی اسٹیٹ بینک پہنچی اور اس کے اقدامات کے خلاف نعرے بازی کرتے ہوئے بینک کے باہر دھرنا دیدیا۔ دھرنے کے باعث آئی آئی چندریگر روڈ پر ٹریفک جام ہوگیا۔ ادھر دالوں واجناس کے بیوپاریوں کی احتجاجی ریلی بھی اسٹیٹ بینک پہنچی۔ کراچی ہول سیل گروسرز ایسوسی ایشن کی احتجاجی ریلی میں شرکاء نے شدید نعرہ بازی کی۔ شرکاء نے بندرگاہوں پر رکے 6 ہزار کنٹینرز ریلیز کرنے کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا کہ یہ کنٹینرز ریلیز ہونے کے بعد ہم درآمدات بند کردیں گے۔ شرجیل گوپلانی نے بتایا کہ اسٹیٹ بینک نے پیغام دیا ہے، کہ اسٹیٹ بینک حکومت پاکستان کے ماتحت نہیں ہے، ہمیں کہا گیا ہے کہ آپ یہاں سے جائیں ہمارے پاس آپ کو دینے کو کچھ نہیں ہے۔ چیئرمین ہول سیل گروسرز ایسوسی ایشن عبدالرؤف ابراہیم نے ریلی سے خطاب میں کہا کہ اسٹیٹ بینک اپنے جاری کردہ سرکلر میں Essential Items کی وضاحت کرے، کنٹینرز ریلیز نہ ہونے کی صورت میں ملک میں دالوں کا نیا بحران اٹھنے والا ہے، پاکستان میں 30 سال سے کھپت کی 80 فیصد دالیں امپورٹ ہورہی ہیں، امپورٹ کنسائمنٹس کلیئرنس کے لیے ڈالر فراہم کیے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ ڈیڑھ ارب روپے سے زائد مالیت کا مال پورٹ پر موجود ہے، روزانہ کی بنیاد پر کنٹینرز آرہے ہیں، پورٹ پر کھڑے کنٹینرز کو ریلیز کرکے پھر امپورٹ بند کردیا جائے، امپورٹ پرمٹ جاری ہی نہیں کرنے چاہئیے تھے۔ ان کا کہنا تھا کہ رمضان کا مہینہ آرہا ہے بحران کا خدشہ ہے، دال کی قیمتیں 500 روپے کلو تک پہنچنے کا خدشہ ہے، ہمارے پورٹ پر کھڑے کنٹینرز کو کلیئرنس دی جائے، ہم آئیندہ دالیں نہیں منگوائیں گے، حکومت خود دالیں امپورٹ کرے، ہمارے پورٹ پر کھڑے کنٹینرز کلیئر کئے جائیں۔

# اسحٰق ڈار کے ناقابل رسائی ہونے پر تاجر برادری کا تحفظات کا اظہار

قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے خزانہ اور محصولات کے ارکان نے وزیر خزانہ اسحٰق ڈار کے ناقابل رسائی ہونے پر تاجر برادری کے تحفظات کی تائید کی ہے۔ رپورٹ کے مطابق کراچی چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری (کے سی سی آئی) کے ارکان نے وزیر خزانہ تک رسائی نہ ہونے کا شکوہ کیا تو کمیٹی چیئرمین اور رکن قومی اسمبلی مسلم لیگ (ن) قیصر احمد شیخ نے کہا کہ 'وہ تو مجھ سے بھی نہیں ملتے'۔ پارلیمانی کمیٹی کے دیگر اراکین کے ساتھ کے سی سی آئی کے دورے کے دوران قیصر شیخ نے کہا کہ پاکستان میں طاقت کے 3 مراکز وزیر خزانہ، چیئرمین فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) اور گورنر اسٹیٹ بینک ہیں۔ انہوں نے شکایت کرتے ہوئے کہا کہ 'ڈار صاحب کو براہ راست عوام نے منتخب نہیں کیا، کے سی سی آئی جیسے کاروباری اداروں سمیت کسی نے بھی پارلیمانی کمیٹیوں کی افادیت پر زیادہ دھیان نہیں دیا'۔ انہوں نے تاجروں سے کہا کہ وہ وزارت خزانہ سے رجوع کرنے کے لیے پارلیمانی کمیٹی کا سہارا لیں، ان کا کہنا تھا کہ 'ہم ایک مشترکہ پریس کانفرنس کریں گے، دیکھتے ہیں آپ کے مسائل کیسے حل نہیں ہوتے'۔ کراچی کے تاجروں نے 'کنٹرولڈ ایکسچینج ریٹ پالیسی' کی بھی بھرپور مذمت کی جو معاشی امور میں اسحٰق ڈار کی پہچان بن چکی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ ڈالر کی کمی کی وجہ سے بیرونی تجارت تعطل کا شکار ہے جس کی عکاسی سرکاری اور حقیقی شرح تبادلہ میں بڑھتے فرق کے ساتھ ساتھ ڈالر کی تیزی سے پھیلتی ہوئی بلیک مارکیٹ سے ہوتی ہے۔ زبیر موتی والا نے کہا کہ 'لاکھوں ڈالر مالیت کی مشینری بے کار پڑی ہے کیونکہ بینک اسپیئر پارٹس کی درآمد کے لیے ڈیڑھ سے 2 ہزار کی ادائیگیاں بھی کلیئر نہیں کر رہے'۔ حکومت صنعتی یونٹس کے لیے خام مال سمیت درآمدات کو کم سے کم کرکے ڈالر کے اخراج کو روکنے کی کوشش کررہی ہے، نتیجتاً کچھ مینوفیکچرنگ کمپنیاں مکمل طور پر کام بند کرچکی ہیں یا اپنی پیداوار کو کم کردیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ 'اناج، مشینری، کیمیکلز اور کھانے پینے کی اشیا کی کھیپیں بندرگاہوں پر پھنسی ہوئی ہیں، شپنگ اور پورٹ چارجز بڑھ رہے ہیں جو کئی شپمنٹس کی لاگت سے بھی زیادہ ہیں'۔ زبیر موتی والا نے اسٹیٹ بینک کی جانب سے کمرشل بینکوں کو حالیہ ہدایت پر تنقید کی جس میں ایکسپورٹ انڈسٹری کے لیے امپورٹ کلیئرنس کو ترجیحی فہرست میں فوڈ اور انرجی سیکٹر سے نیچے رکھا گیا ہے۔ انہوں نے سوال کیا کہ 'برآمدات ڈالر پیدا کرتی ہیں، اگر برآمدی سیکٹر آپ کی ترجیح نہیں ہے تو آپ کو ڈالر کہاں سے ملیں گے؟'

# تقریباً 70 ملین ڈالر ماہانہ افغانستان اسمگل کیے جارہے ہیں، وفاقی اداروں کی رپورٹ

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان سے ماہانہ 60 سے 70 ملین ڈالر افغانستان سمگل کیے جارہے ہیں۔ تفصیلات کے مطابق وفاقی حکومت نے ڈالر کی اسمگلنگ سے متعلق رپورٹ تیار کرلی ہے جس میں انکشاف کیا گیا ہے کہ پاکستان سے ماہانہ 60 سے 70 ملین ڈالر افغانستان اسمگل کیے جارہے ہیں۔ ذرائع نے بتایا کہ پاکستان نے ڈالر کی اسمگلنگ کا معاملہ افغان حکومت کے ساتھ اٹھانے کا فیصلہ کیا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ "غیر ملکی کرنسی کو متحدہ عرب امارات (یو اے ای) اور ترکی میں لیٹر آف کریڈٹ (LCs) کھولنے کے لیے استعمال کیا جارہا تھا۔" ذرائع نے مزید دعویٰ کیا کہ چھوٹی کاریں، ٹائر، موبائل فون، تیل اور دیگر قیمتی اشیا بھی پڑوسی ملک اسمگل کی جارہی ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ "اسمگل شدہ اشیاء پاکستان کو دوبارہ برآمد کی جاتی ہیں۔" انہوں نے مزید کہا کہ اسلام آباد کو ٹرانزٹ ٹریڈ کے راستوں پر اسمگلنگ سے ریونیو کا نقصان ہوتا ہے۔ یہاں یہ بات قابل ذکر ہے کہ فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) نے دسمبر 2022 میں ملک میں ڈالر کی قلت کے باعث مسافروں کے لیے نئی پابندیاں عائد کی تھیں۔ ایف بی آر کے نوٹیفکیشن کے مطابق ملک میں ڈالر کی کمی کے باعث سالانہ 30 ہزار ڈالر سے زائد کے بیرون ملک لے جانے پر پابندی لگادی گئی ہے۔ افغانستان جانے والوں کو سالانہ 000,30 ڈالر کی بھی اجازت نہیں ہوگی۔ فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) نے مزید کہا کہ 18 سال یا اس سے زیادہ عمر کے افراد ہر غیر ملکی دورے کے لیے $ 5,000 تک لے جاسکتے ہیں جبکہ 18 سال یا اس سے کم عمر کے افراد غیر ملکی دوروں کے لیے $ 2,000 تک لے جاسکتے ہیں۔ ایف بی آر نے اپنے نوٹیفکیشن میں یہ بھی کہا ہے کہ افغانستان جانے والے افراد 1000 امریکی ڈالر دورے پر لے جاسکتے ہیں اور افغانستان جانے والے سالانہ 6000 ڈالر سے زیادہ نہیں لے جاسکیں گے۔



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

CPP Services Private Limited

联强集团 UP GROUP

World Re-known Brands which are under Our Belt and their Product Line.

| Brand | Product Line |
|---|---|
| YU YIN | Automatic Die Cutting<br>Foil Printing Machines |
| accura | High-end Slitting & Sheeting Machines |
| FANGBANG | Roll Fed Paper Bag Machines<br>Sheet Fed Paper Bag Machines |
| DLG 德拉根 上海德拉根印刷机械有限公司 SHANGHAI DRAGON PRINTING MACHINERY CO.,LTD. | Automatic Spot UV Machines<br>Water Base Coating Machines<br>Folder Gluer Machines |
| HHM | High-end Folder Gluer |
| GUOWEI 浙江国威智能设备有限公司 Zhejiang Guowei Intelligent Equipment Co., Ltd. | Sheeting Machines<br>Guillotine Cutting Machines |
| SHENGTIAN 盛田 | Flute Laminator &<br>Thermal Lamination Machines<br>Water Base Lamination Machines |
| GMB 光明 GUANGMING | Thermal Lamination Machines |
| HS MACHINE | Narrow Web Label Printing Machines<br>Plain Label Rotary & Flat Bed Die Cuting Machines<br>& Slitting Machines |

Plot no 18, Sector 26, Industrial Area Korangi, Karachi - Pakistan.

+92-21-35070785-8 Email:info@cpp.com.pk www.cpp.com.pk





Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

# ایف بی آر کا شعبہ انکم ٹیکس: ایک سفید ہاتھی

## انکم ٹیکس نجی شعبہ جمع کر رہا ہے



ایم آر انصاری

پاکستان میں ٹیکسز کو جمع کرنے اور ٹیکس قوانین کو اس کی اصل روح کے مطابق عملدرآمد کرانے کی ذمہ داری آج کل فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) کی ہے جو پہلے سینٹرل بورڈ آف ریونیو (سی بی آر) کہلاتا تھا۔ یہ ادارہ تمام وفاقی ٹیکسز جس میں کسٹم ڈیوٹی، ایکسائز ڈیوٹی، سیلز ٹیکس اور انکم ٹیکس نمایاں ہے، ٹیکس دہندگان سے وصولی کر کے قومی خزانے میں جمع کرانے کے لئے قائم کیا گیا تھا۔ یہ ادارہ خواہ وہ کسی بھی نام سے کام کرتا رہا ہو۔ گزشتہ 75 برسوں میں کبھی بھی اس کی کارکردگی اطمینان بخش نہیں رہی ہے۔ یہ الگ بات ہے کہ ایف بی آر کے چیئرمین اور اعلیٰ افسران وزرائے اعظم اور وزرائے خزانہ کو اعداد وشمار میں الجھا کر تصویر کا ایک رخ دکھا کر بجٹ اہداف کے حصول کے بارے میں بریفنگ دے کر داد سمیٹتے رہے ہیں لیکن کبھی کسی بھی سربراہ حکومت نے ان اہداف کا باریک بینی سے جائزہ لینا مناسب نہیں سمجھا کہ اس اہداف کے حصول میں اس ادارے نے کیا عملی کردار ادا کیا ہے جس پر سالانہ اربوں روپے نہ صرف مقامی طور پر بلکہ بین الاقوامی مالیاتی اداروں سے بھی حاصل کر کے ان افسران پر خرچ کئے جا رہے ہیں۔

ٹیکس وصول کنندگان کی جانب سے بھاری رشتوں کی وصولی کوئی ڈھکی چھپی بات نہیں ہے۔ یہ افسران کاغذات میں اعداد وشمار کا ایک ایسا خاکہ پیش کرتے ہیں جس کا حقیقت سے دور تک کوئی واسطہ نہیں ہوتا ہے۔ ان کا سارا زور پہلے سے ٹیکس دہندگان کی غلطیوں کو پکڑ کر انہیں بلیک میل کر کے اصل رقم کا دس فیصد قومی خزانے میں جمع کروانے اور 90 فیصد اپنی جیبوں میں ڈالنے پر ہوتا ہے۔

مثال کے طور پر کسٹم میں اگر کسی ویلیو کی صحیح تشخیص کرتے ہوئے کسٹم افسران ڈیکلیئرڈ ویلیو اور تشخیصی ویلیو کا فرق دس سے 15 فیصد سے زائد نہیں کرتا ہے کیونکہ اگر اس سے زائد کا فرق کسٹم ایکٹ کے تحت جرم ہے اور مال ضبطگی ہے تو کسٹم افسر اپنی کارکردگی دکھاتے ہوئے ظاہر کرتا ہے کہ اس نے 15 فیصد اضافی ریونیو لوڈنگ کر کے حاصل کیا اور اس کے عوض وہ "بے ایمان تاجروں" کو کلین چٹ دے دیتا ہے جس میں وہ افسر اپنا بھرپور حصہ وصول کرتا ہے۔

اس طرح انکم ٹیکس افسران کو جب آڈٹ کے لئے کیسز دیئے جاتے ہیں، آج کل تو وہ قرعہ اندازی سے منتخب ہوتے ہیں پہلے تو وہ اپنی مرضی سے منتخب کرتے تھے تو ان کی پہلی کوشش یہ ہوتی ہے کہ صحیح یا غلط اپنا اہداف ان ٹیکس دہندگان سے ہی پورا کر لیں جو ٹیکس نیٹ میں موجود ہیں اور اس طرح وہ نہ صرف اپنا سرکاری ہدف ٹیکس کا عبور کرتے ہیں بلکہ اپنا ذاتی ہدف بھی بحسن وخوبی حاصل کر کے دہری کامیابی کا جشن مناتے ہیں۔

ان ساری کامیابیوں کے عقب میں ایف بی آر کی اصل کارکردگی ملاحظہ کریں جو ایف بی آر کے اپنے جاری کردہ اعداد وشمار ہیں۔

پہلی اطلاع کے مطابق دسمبر 2022 میں مقررہ 965 ارب روپے کے ہدف کے مقابلے میں صرف 740 ارب روپے وصول کئے ہیں یعنی 225 ارب روپے کا ریونیو حاصل نہیں ہو سکا۔

دوسری خبر کے مطابق ایف بی آر نے جولائی تا نومبر کے دوران مجموعی طور پر گیارہ سو ارب روپے کا انکم ٹیکس وصول کیا جس میں سے 66 فیصد یعنی 730 ارب روپے ان نجی اداروں/کمپنیوں/سرکاری محکموں نے جمع کر کے ایف بی آر کی جھولی میں ڈالا ہے جن کو ایف بی آر یا حکومت

**آمدنی سے پہلے عائد انکم ٹیکس (ودہولڈنگ ٹیکس) کی وصولی میں 1100 میں سے نجی شعبے نے 740 ارب روپے اکٹھا کئے۔ ایف بی آر صرف 360 ارب روپے جمع کر سکا۔ کیا اس صورت حال میں محکمہ انکم ٹیکس کی ضرورت موجود ہے؟**

اس خدمت کا کوئی معاوضہ دینا تو درکنار بلکہ ان سے کوئی غلطی ہو جائے تو اس پر جرمانہ کرتی ہے کہ آپ نے صحیح ٹیکس جمع نہیں کیا۔

اب سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ ایف بی آر کا محکمہ انکم ٹیکس جس کے لئے اربوں روپے ماہانہ کے اخراجات کئے جاتے ہیں وہ قومی خزانے کو کیا دے رہا ہے۔ یہ افسران کیا کام انجام دے رہے ہیں۔ خود انکم ٹیکس افسران کی ناک کے نیچے خواہ کوئی بھی شہر ہو لاکھوں افراد انکم ٹیکس کے بغیر دندناتے پھرتے ہیں جس پر ایف بی آر افسران کوئی ایکشن نہیں لیتے۔

ہر دور حکومت میں وزرائے خزانہ بلند بانگ دعوے خود ایف بی آر کے تیار کردہ اعداد وشمار کی بنیاد پر کرتے نظر آتے ہیں کہ ہم نے ٹیکس نادہندگان کا ڈیٹا حاصل کر لیا ہے اور ان کے گرد گھیرا تنگ کر رہے ہیں۔ سخت کارروائی ہوگی لیکن گزشتہ 75 سالوں میں اس ملک میں انکم ٹیکس کی عدم ادائیگی/چوری اگر کوئی پکڑی گئی ہے تو صرف ان لوگوں سے پکڑی گئی ہے جو کچھ نہ کچھ قومی خزانے میں اپنا حصہ ادا کر چکے ہیں۔ ایف بی آر کے افسران نے ہمیشہ غیر رجسٹرڈ ٹیکس دہندہ کو آسان راستہ دے کر اپنی جیب تو بھری ہے لیکن کبھی بھی ایسے فرد/شخص کو عبرت کا نشان نہیں بنایا جو قابل ٹیکس آمدنی رکھنے کے باوجود انکم ٹیکس ادا نہیں کر رہا تھا۔

ایف بی آر کے مختلف محکموں میں انفورسمنٹ کا محکمہ قوانین پر عملدرآمد کرانے کا ذمہ دار ہے لیکن اس ڈپارٹمنٹ کی کارکردگی صفر نظر آتی ہے۔

لہٰذا ضرورت اس امر کی ہے کہ انفورسمنٹ کی بنیادی ذمہ داری یہ لگائی جائے کہ وہ انکم ٹیکس میں غیر رجسٹرڈ افسران کو بمع ثبوت کے ٹیکس نیٹ میں لائے تا کہ وہ مستقبل میں بھی خود کو ٹیکس نظام سے باہر نہ لے جا سکیں۔ ماضی میں جب یہ ذمہ داری ایف بی آر افسران کو دی گئی تو انہوں نے لاکھوں کی تعداد میں نوٹس جاری کر کے صرف کاغذی کارروائی کر کے افراتفری تو پیدا کی لیکن وہ خود بھی ان کیسز کو سنبھال نہ سکے اور ایف بی آر کو شکست کا سامنا کرنا پڑا اور اسے ان نوٹسز کو نظر انداز کرنا پڑا۔ اب حکومت ہر افسر کی یہ ذمہ داری لگائے کہ وہ ہر ماہ کم از کم پچاس ٹیکس نادہندہ کے خلاف پہلے ثبوت اکٹھا کرے گا اور پھر اس کے خلاف کارروائی کرے گا تب ہی ٹیکس نیٹ میں اضافہ ممکن ہے بصورت دیگر حکومت ایف بی آر میں انکم ٹیکس شعبہ بند کر دے اور جو افسر اس ہدف کو عبور نہ کر سکے اس پر نجی افراد کی طرح بھاری جرمانے عائد کئے جائیں۔

کیونکہ نجی شعبے کی غلطی کی کوئی گنجائش نہیں ہے۔ اس کی غلطی کو ایف بی آر چوری سمجھتا ہے لیکن افسر اپنی ذمہ داری پوری نہ کرتے ہوئے اپنا ٹیکس ہدف پورا نہ کر سکے تو اس کے خلاف کوئی قانونی چارہ جوئی نہیں ہوتی بلکہ اس کا تبادلہ کر کے کسی اور شاخ پر بٹھا دیا جاتا ہے جہاں وہ مزید "انجوائے" کرتا ہے۔ لہٰذا اس بات کو یقینی بنایا جائے کہ اگر کسی افسر کی کارکردگی مستقل خراب ہو تو اسے کسی قسم کی ترقی نہ دی جائے۔ کیونکہ تنخواہ دار طبقہ، سیونگ اکاؤنٹ ہولڈ، صنعتی و کمرشل بجلی صارفین، سرکاری محکمہ، پرائیویٹ اور پبلک لمیٹڈ کمپنیاں، امپورٹرز، ایکسپورٹرز اور دیگر خدمات فراہم کرنے والے از خود نہ صرف اپنا ٹیکس ادا کر رہے ہیں بلکہ وہ دیگر سے ٹیکس وصول کر کے ایف بی آر کے افسران سے تین گناہ ٹیکس قومی خزانے میں جمع کرا رہے ہیں اگر انہیں کوئی کمیشن دے دیا جائے تو یہ سو فیصد بھی ہو سکتا ہے۔ ہمارا ایف بی آر ٹیکس قوانین میں نقل تو یورپ کی کرتا ہے لیکن اس پر عملدرآمد کے لیے تیار نہیں ہے۔

اگر ہماری سیاسی حکومتوں کو جو ہمیشہ خزانہ خالی ہونے کا رونا روتی رہتی ہیں، سنجیدگی سے ایف بی آر کی پالیسیوں کو مستقل بنیاد پر نافذ کر دیں تو ٹیکس نیٹ میں بہتری آ سکتی ہے اور اس کے ساتھ ساتھ انکم ٹیکس افسران کی ترقی صرف اعداد وشمار کے ذریعے ٹیکس کے ہدف وصول کرنے پر نہیں بلکہ ٹیکس دہندگان کی تعداد میں اضافے سے مشروط کی جائے تو شاید ایف بی آر کا مقصد حاصل ہو سکے گا۔



یہ شمارہ 113 گرام نیو یا آرٹ پیپر گلوس چائنا برانڈ پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

IBM

&

OOCL

Shipping Line

# CONGRATULATIONS

IBM has always been at your service providing pathways to increase profit and reduce the cost of doing business.

We are glad to annouce that our customers will not have to pay container deposit anymore.

IBM

&

APL

Shipping Line

# CONGRATULATIONS

IBM has always been at your service providing pathways to increase profit and reduce the cost of doing business.

We are glad to annouce that our customers will not have to pay container deposit anymore.



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

# کسٹمز کا ڈیجیٹل طور پر انڈر انوائسنگ کنٹرول کرنے کا نظام تیار

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) غلط انوائسنگ کے دائمی مسئلے کو حل کرنے کیلئے (جسے عام طور پر انڈر انوائسنگ) کہا جاتا ہے پاکستان کسٹمز نے ایک الیکٹرانک سسٹم تیار کیا ہے جسے حال ہی میں ڈائریکٹوریٹ جنرل ویلیوایشن، کسٹمز کراچی نے متعارف کروایا ہے۔ اس نظام کو LIVE ''لنکنگ انٹرنیشنل ویلیوز'' کہا جاتا ہے، جسے ڈائریکٹوریٹ آف ریفارمز اینڈ آٹومیشن کی ٹیم نے تیار کیا ہے اور Eeboc سسٹم کے ساتھ ڈیجیٹلی طور پر جوڑ دیا گیا ہے۔ یہ نظام مختلف مصنوعات اور اشیاء کی قیمت مایہ ناز بین الاقوامی میگزین اور حالیہ ڈیٹا سے مہیا کرتا ہے، جس کی بنیاد پر اپریزنگ آفیسر درآمدی سامان کی اعلان کردہ قیمت کو جانچتا ہے اور مختلف ہونے پر دوبارہ قیمت متعین کرتا ہے۔ اس سسٹم کے اہم مقاصد میں سے ایک درآمدی سامان کی قیمت کے تعین کو موجودہ حالت سے بہتر بہتر کرنا ہے، ریونیو میں کمی کو روکنے اور ٹیکس کے فرق کو کم کرنے کیلئے متعدد کنٹرولز اس کے اندر بنائے گئے ہیں اور اسے وزیراعظم کے سٹرٹیجک روڈ میپ کا حصہ بنایا گیا ہے۔ LIVE سسٹم کو پاکستان کسٹمز کی ٹیم نے متعارف کرایا ہے جس کی بنیاد پر موجودہ ممبر کسٹمز آپریشنز کی ایک ریسرچ رپورٹ ہے جو کہ کسٹمز ویلیوایشن پر تھی اور مئی 2019 میں جاری کی گئی تھی۔ اس کے علاوہ دوسرے اضافی کنٹرولز جو اس مطالعاتی رپورٹ میں بنائے گئے وہ مضبوط رسک مینجمنٹ سسٹم اور موثر پوسٹ کلیئرنس آڈٹ ڈیپارٹمنٹ اور ایک جدید ترین کمپیوٹر کا نظام ہے جو کہ کسی بھی ترقی یافتہ معیشت کے اہم عنصر ہیں۔ کچھ ماہ پہلے سے پاکستان کسٹمز نے ان سفارشات پر تیزی سے عملدرآمد شروع کیا۔ یہ نیا نظام نہ صرف آپریزنگ آفیسرز کو قیمت کی تشخیص میں مدد دیتا ہے بلکہ اس کے استعمال کو یقینی بنانے کیلئے تصدیق بھی کرواتا ہے۔ مزید یہ کہ اسسمنٹ 90 دن کے ڈیٹا کا حصہ بن جاتی ہے جو کہ ٹرانزیکشنل ویلیو ڈیٹا کے معیار کو مزید مضبوط اور بہتر بناتا ہے۔ اس نظام LIVE کے پہلے مرحلے میں بین الاقوامی میگزین جیسا کہ لندن میٹل بلیٹن، پبلک لیجر، ایمرجنگ ٹیکسٹائل، پلیٹز، روٹرز، آئی سیس اور ایشین پلپ اینڈ پیپر (RISIINFO) کو ضم کردیا گیا ہے۔ مذکورہ اشیاء جو کہ ابھی تک اس سسٹم میں شامل کی جاچکی ہیں ان کی درآمدی قیمت مالی سال 2012-22 میں 821 ارب روپے ہے۔

# اعداد وشمار کی شعبدہ بازی، پاکستانی بینک اضافی ٹیکسوں سے بچ نکلے

کراچی (بزنس ڈیسک) پاکستانی بینکوں نے نومبر کے مقابلے میں دسمبر 2022ء میں نجی شعبے کے لیے کی جانیوالی فنانسنگ (جسے ایڈوانسز بھی کہا جاتا ہے (میں حیران کن طور پر 7.4 فیصد کا نمایاں اضافہ ظاہر کیا ہے، جو 11.91 ٹریلین روپے تک جا پہنچی ہے اور یہ ایک ایسے وقت پر ہوا ہے کہ جب ملک میں معاشی مشکلات کی وجہ سے کاروبار دھڑا دھڑ بند ہو رہے ہیں۔ تاہم دوسری جانب بینکوں نے نومبر کے 22.73 ٹریلین روپے کے مقابلے میں دسمبر میں 22.46 ٹریلین روپے کے ڈپازٹس ظاہر کرتے ہوئے ان میں 1.2 فیصد کمی دکھائی ہے۔ تجزیہ کاروں کا کہنا ہے کہ ایڈوانسز کے بڑھنے اور ڈپازٹس میں کمی نے مل کر بینکوں کو 50 فیصد '' ایڈوانس ٹو ڈپازٹ ریشو (ADR) '' کا مقررہ ہدف حاصل کرنے میں مدد دی ہے۔ اگر '' اے ڈی آر '' کا تناسب 50% سے کم ہوجاتا تو بینکوں کو اضافی ٹیکس ادا کرنے پر مجبور ہونا پڑتا، جس سے وہ بظاہر اعداد وشمار کی اس شعبدے بازی کی مدد سے بچنے میں کامیاب ہوگئے ہیں۔ تجزیہ کاروں کے مطابق ماہ دسمبر میں بینکوں کے ڈپازٹس میں کمی دیکھ کر حیرت ہوئی کیونکہ دسمبر بینکوں کے درمیان جنگ کا مہینہ ہوا کرتا تھا، جس کی وجہ یہ تھی کہ ہر بینک سال کے اختتام پر اپنے پاس زیادہ سے زیادہ ڈپازٹس دکھانا چاہتا تھا۔ تاہم اس سال ظاہر کی جانے والی کمی اس جانب اشارہ کرتی ہے کہ بینکوں نے شاید دانستہ طور پر دسمبر میں نئے ڈپازٹ لینے سے گریز کیا تاکہ 50 فیصد کا مقررہ ایڈوانس ٹو ڈپازٹ ریشو حاصل کیا جاسکے۔ اعداد وشمار بتاتے ہیں کہ نومبر 2022ء میں '' اے ڈی آر 48.8 '' فیصد تھا، جو دسمبر 2022ء میں 4.23 فیصد بڑھ کر 53 فیصد ہوگیا۔ تجزیہ کاروں کا کہنا ہے کہ بینک ڈپازٹس میں اضافہ ہونے کی صورت میں '' اے ڈی آر '' کا تناسب 50% سے کم ہوجانے کا خطرہ تھا۔ تجزیہ کاروں کے مطابق یہ بات بھی حیران کن ہے کہ بینکوں نے دسمبر کے ایک ہی مہینے میں تقریباً 800 ارب روپے (7.4) فیصد (کے نئے قرضے نجی شعبے کو دیے ہیں حالانکہ اس وقت بڑی تعداد میں کاروبار گزشتہ دو مہینوں سے درآمد شدہ خام مال کی عدم دستیابی کی وجہ سے جزوی یا مکمل بندش کی اطلاع دے رہے تھے۔

# اقتصادیات کا پہیہ جام، مال سے بھرے ہزاروں کنٹینرز بندرگاہ پر پڑے ہیں

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) ڈالر میں زرمبادل کے ذخائر خشک پڑ جانے سے پاکستان کی اقتصادیات کا چلتا پہیہ رک گیا ہے۔ ضروری اشیاء خوردنی، خام مال اور طبی آلات سے بھرے ہزاروں کنٹینرز کراچی کی بندرگاہ پر رکے پڑے ہیں کیونکہ زرمبادلہ کے بحران کی وجہ سے ادائیگیوں کے ڈالر میں رقوم دستیاب نہیں ہیں۔ ڈالرز کی قلت کیوجہ سے بینک درآمد کنندگان کے لیے لیٹر آف کریڈٹ (ایل سی) جاری کرنے کے لیے تیار نہیں ہیں جس نے ملکی اقتصادیات پر شدید منفی اثرات مرتب کیے ہیں جسے پہلے ہی سے افراط زر اور مہنگائی نے جکڑ رکھا ہے شرح نمو بھی نہایت مایوس کن ہے جس میں تنزلی نمایاں ہے۔ آل پاکستان کسٹم ایجنٹس ایسوسی ایشن کے ایک عہدیدار عبدالمجید کے مطابق وہ 40/سال سے کام کر رہے ہیں لیکن آج جیسی بدترین صورتحال کا کبھی سامنا نہیں کرنا پڑا۔ مصنوعات سازی کے لیے خام مال کراچی کی بندرگاہ پر آیا پڑا ہے لیکن چھڑانے کے لیے ڈالرز میں رقوم دستیاب نہیں ہے یہ بات کسٹم ایسوسی ایشن کے چیئرمین مقبول احمد ملک نے بتائی۔ اسٹیٹ بینک کے پاس زرمبادلہ ذخائر 6/ارب ڈالرز سے بھی کم رہ گئے ہیں جو 9/ سال میں کم ترین سطح ہے جبکہ تین ماہ میں 8/ارب ڈالرز کی ادائیگیاں باقی ہیں۔ صرف ایک ماہ کے لیے درآمدات کا زرمبادلہ رہ گیا ہے۔ پاکستان میں اقتصادی زبوں حالی کی بنیادی وجہ ملک کا سیاسی بحران اور غیر یقینی ہے۔ روپے کی قدر گھٹتی اور مہنگائی بڑھتی جارہی ہے جبکہ تباہ کن سیلاب اور توانائی کے بحران نے بربادی میں اپنا حصہ ڈالا ہے۔ ملک پر قرضوں کا بوجھ 274/ارب ڈالرز، قومی شرح نمو (جی ڈی پی) کا 90/فیصد ہے۔ آئی ایم ایف اور ڈونرز کا مطالبہ ہے کہ پٹرولیم مصنوعات اور بجلی پر زرتلافی کا سلسلہ ختم کیا جائے۔

# ای پاسپورٹس اجراء کے لئے فیس شیڈول کا اعلان

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) ای پاسپورٹس اجرا کے لئے فیس شیڈول کا اعلان کردیا گیا۔ وفاقی حکومت کی منظوری سے ای پاسپورٹس اجرا کے لئے فیس شیڈول کا اعلان کردیا گیا ہے، ابتدائی طور پر ای پاسپورٹس کے اجرا کا آغاز صرف اسلام آباد سے کیا جارہا ہے، ملک بھر کے دیگر پاسپورٹس دفاتر سے ای پاسپورٹ اجرا کی تاریخ کا اعلان بعد میں کیا جائے گا۔ فیس شیڈول کا اطلاق ڈپلومیٹک، آفیشل اور آرڈنری کیٹیگری کیلئے کیا گیا ہے، جب کہ عام شہریوں کو ای پاسپورٹ کا اجرا موجودہ پاسپورٹ کی مدت کے اختتام پر کیا جائے گا۔ 36 صفحات کے 5 سالہ ای پاسپورٹ کیلئے نارمل فیس 9 ہزار اور ارجنٹ فیس 15 ہزار روپے مقرر کی گئی ہے۔ جبکہ 36 صفحات کے 10 سالہ پاسپورٹ کے لئے نارمل فیس 13 ہزار 5 سو اور ارجنٹ فیس 22 ہزار 5 سو روپے لی جائے گی۔ 72 صفحات کے 5 سالہ ای پاسپورٹ کی نارمل فیس 16 ہزار 5 سو اور ارجنٹ 27 ہزار 500 روپے مقرر کی گئی ہے اور 72 صفحات کے 10 سالہ ای پاسپورٹ کی نارمل فیس 24 ہزار 750 جب کہ ارجنٹ فیس 40 ہزار 500 روپے ہوگی۔ فیس کی ادائیگی نیشنل بینک، موبائل ایپ، موبی کیش اور ایزی پیسہ سے بھی کی جاسکتی ہے۔



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

# ڈالر کی عدم دستیابی، ایل سیز کا نہ کھلنا، مارکیٹ پر منفی اثرات

## آفسیٹ پیپر آئی کے میں 50 تا 70 روپے، مقامی آفسیٹ ڈبل اے میں 20 روپے فی کلو اضافہ

### بلیچ بورڈ میں 10 تا 15 روپے فی کلو، اسٹیکر میں 100 روپے فی پیکٹ اضافہ، آرٹ پیپر اور فوٹو کاپی پیپر کی قیمتوں میں بھی اضافہ

کراچی (پرائس سروے رپورٹ) کراچی پیپر مارکیٹ میں کاروباری سرگرمیوں میں اس ہفتے مزید تیزی دیکھی گئی اور 18 جنوری 2023 کو ختم ہونے والے ہفتہ کو مارکیٹ سے موصولہ اطلاعات کے مطابق ہول سیل مارکیٹ میں آرٹ پیپر چائنا نیو یا اور گلوس میں 5 روپے فی کلو، درآمدی آفسیٹ پیپر آئی کے میں 50 تا 70 روپے فی کلو، مقامی آفسیٹ پیپر ڈبل اے برانڈ میں 20 روپے فی کلو، درآمدی بلیچ بورڈ ریئل، چینمنگ اور پنڈ و ڈیلی میں 10 تا 15 روپے فی کلو، اسٹیکر پیپر گولڈن ٹیک جی ایس ایف، وائی ایم سی چائنا، نیکسز پرو چائنا اور لیبل ٹیک چائنا میں 100 روپے فی پیکٹ اور فوٹو کاپی پیپر کے مختلف برانڈز کی قیمتوں میں اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ جبکہ مقامی ڈپلیکس بورڈ میں لاثانی، بورڈ ون وائٹ اور کلاسک میں کمی بیشی دیکھنے میں آئی۔ دیگر پیپر و پیپر بورڈ کے برانڈز کی قیمتوں میں استحکام رہا۔ پیپر و پیپر بورڈ کے جن برانڈز میں اس ہفتے جو اتار چڑھاؤ ہوا اس کی تفصیلی رپورٹ قارئین کے لئے پیش خدمت ہے۔

ہول سیل مارکیٹ میں صورتحال یہ ہے کہ نیو یا آرٹ پیپر گلوس چائنا تمام سائز 80ـ90ـ100ـ105ـ113ـ128 اور 150 گرام، 395 روپے سے بڑھ کر 400 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ نیو یا آرٹ پیپر میٹ چائنا تمام سائز 80ـ90ـ100ـ105ـ113ـ128 اور 150 گرام، 395 روپے سے بڑھ کر 400 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ مقامی ڈپلیکس بورڈ بورڈ ون وائٹ تمام سائز 250 اور 290 گرام، 184 روپے سے بڑھ کر 202 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ مقامی ڈپلیکس بورڈ لاثانی نیچرل تمام سائز تمام گرام، 156 روپے سے بڑھ کر 170 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ مقامی ڈپلیکس بورڈ کلاسک تمام سائز 250 گرام، 198 روپے سے کم ہو کر 194 روپے، تمام سائز 300 اور 350 گرام، 195 روپے سے کم ہو کر 192 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ درآمدی بلیچ بورڈ ریئل شیٹس 365 روپے سے بڑھ کر 380 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ بلیچ بورڈ چینمنگ چائنا ریلز تمام سائز تمام گرام 365 روپے سے بڑھ کر 375 روپے فی کلو ہوگئی ہیں۔ بلیچ بورڈ پنڈ و ڈیلی انڈونیشیا شیٹس تمام سائز تمام گرام، 355 روپے سے بڑھ کر 370 روپے فی کلو ہوگئی ہیں۔ درآمدی آفسیٹ پیپر آئی کے 035 انڈونیشیا تمام سائز 70 گرام، 420 روپے سے بڑھ کر 470 روپے فی کلو، تمام سائز 75 گرام، 420 روپے سے بڑھ کر 480 روپے فی کلو، تمام سائز 80، 90 اور 100 گرام، 420 روپے سے بڑھ کر 490 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ مقامی آفسیٹ پیپر فائیو اسٹار اینڈ لیول اپ، تمام سائز 53 گرام، 215 روپے سے بڑھ کر 220 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ مقامی آفسیٹ پیپر ڈبل اے برانڈ تمام سائز 63 اور 68 گرام، 250 روپے سے بڑھ کر 270 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ فوٹو کاپی پیپر انڈونیشیا پی سی براؤن 70 گرام، 970 روپے سے بڑھ کر 1080 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ بی ایل سی 70 گرام، 975 روپے سے بڑھ کر 1100 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ بی ایل سی 80 گرام، 1180 روپے سے بڑھ کر 1200 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ آئی کے کاپی لوگو 65 گرام، 880 روپے سے بڑھ کر 930 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ آئی کے کاپی لوگو 70 گرام، 1000 روپے سے بڑھ کر 1150 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ آئی کے کاپی F4B-13 ـ 70 گرام، 1250 روپے سے بڑھ کر 1300 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ آئی کے کاپی F4A-13.5 ـ 70 گرام، 1350 روپے سے بڑھ کر 1400 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ آئی کے کاپی 70 گرام، A3 سائز 2100 روپے سے بڑھ کر 2200 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ آریا 70 گرام، 970 روپے سے کم ہو کر 960 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ ڈبل اے تھائی لینڈ 70 گرام، 1150 روپے سے بڑھ کر 1200 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ ڈبل اے تھائی لینڈ 80 گرام، 1300 روپے سے بڑھ کر 1350 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ میرم دبئی 70 گرام، 960 روپے سے بڑھ کر 1060 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ کاپی پیپر دبئی 70 گرام، A4 سائز 900 روپے سے بڑھ کر 1050 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ کاپی پیپر دبئی 80 گرام، A3 سائز 2000 روپے سے بڑھ کر 2100 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر گولڈن ٹیک جی ایس ایف 20x30 سائز، 3350 روپے سے بڑھ کر 3450 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر وائی ایم سی چائنا 20x30 سائز، 3300 روپے سے بڑھ کر 3400 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر نیکسز پرو چائنا 20x30 سائز، 3300 روپے سے بڑھ کر 3400 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر لیبل ٹیک چائنا 20x30 سائز، 3400 روپے سے بڑھ کر 3500 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔

## پاک ایران آزاد تجارتی معاہدوں کو جلد حتمی شکل دی جائے گی، سربراہ ایرانی وفد

کراچی (نیوز ڈیسک) تہران چیمبر آف کامرس، انڈسٹریز کے تجارتی وفد کے سربراہ مراد نعمتی نے کہا ہے کہ اگرچہ ایران اور پاکستان کے درمیان ترجیحی تجارتی معاہدہ موجود ہے لیکن موجودہ تجارتی حجم کو مزید بہتر بنانے کے لیے ایران اور پاکستان کو جلد از جلد آزاد تجارتی معاہدے (ایف ٹی اے) کو حتمی شکل دینا ہوگی کیونکہ یہ اہم معاہدہ طویل عرصے سے زیر التوا ہے۔ کراچی چیمبر کی تاجر برادری ایران پاکستان ایف ٹی اے کو تیز کرنے اور اسے حتمی شکل دینے کے لیے اپنی حکومت پر زور دے تاکہ دونوں برادر ممالک کے درمیان تجارت کو ممکنہ حد تک بہتر بنایا جاسکے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے وفد کے ہمراہ منگل 17 جنوری 2023 کو کراچی چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری (کے سی سی آئی) کے دورے کے موقع پر اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔

## لاہور: ایکسچینج ڈیلروں نے ڈالر کی ایڈوانس بکنگ شروع کردی، بلیک میں قیمت 260 روپے ہوگئی

لاہور (مانیٹرنگ ڈیسک) ایکسچینج ڈیلروں نے ڈالر کی ایڈوانس بکنگ شروع کردی، بلیک میں ڈالر کی قیمت 260 روپے ہوگئی۔ بتایا گیا ہے کہ اوپن مارکیٹ میں ایکسچینج ڈیلرز نے ڈالر کی نقد ادائیگی کے بجائے گاہکوں سے ایڈوانس رقم پکڑ رہے ہیں اور انہیں کہا جا رہا ہے کہ فی الوقت ڈالر دستیاب نہیں جیسے ہی دستیابی ہوگی آپ کو بذریعہ فون بلا کر ادائیگی کردیں گے۔ ڈالروں کی قلت کی وجہ سے بیرون ملک سفر، علاج اور تعلیم کے لئے روانہ ہونے والے افراد کو شدید مشکلات درپیش ہیں۔ یہ بھی بتایا گیا ہے ڈالر اسٹاک کر لئے گئے ہیں اور بلیک میں اس کی قیمت 260 روپے تک پہنچ گئی ہے۔

## قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے خزانہ کے اجلاس میں کسٹمز کو کلیئرنس کا وقت بہتر بنانے کی ہدایت

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے خزانہ نے کمیٹی نے اسمگلنگ کے خاتمہ کیلئے پاکستان کسٹمز کی کوششوں کو سراہتے ہوئے کلیئرنس کے وقت کو بہتر بنانے کی ہدایت کی ہے۔ قائمہ کمیٹی برائے خزانہ و محصولات کا اجلاس جمعہ 13 جنوری 2023 کو ایم این اے قیصر احمد شیخ کی زیر صدارت کسٹم ہاؤس اور کراچی پورٹ ٹرسٹ میں منعقد ہوا۔ ریونیو ڈویژن کے حکام نے محصولات کی وصولی کو بڑھانے کی کوششوں اور اس سے متعلق مختلف مسائل کے بارے میں کمیٹی کو بریفنگ دی۔



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

# مسلسل چوتھے مہینے بیرون ملک سے ترسیلات زر میں کمی

## تارکین وطن کو 240 روپے فی ڈالر کی پیشکش کی جائے، کرنسی ڈیلرز کی تجویز

کراچی (بزنس ڈیسک) کرنسی ڈیلرز نے حکومت کو تجویز پیش کی ہے کہ بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کو روپے کے مقابلے میں ڈالر کی بہتر شرح مبادلہ 240 روپے فی ڈالر کی پیشکش کی جائے تاکہ بیرون ملک سے ترسیلات زر میں اضافہ ہو اور ملک کے کم ہوتے ہوئے زرمبادلہ ذخائر کو مستحکم کیا جاسکے۔ تازہ ترین اعداد و شمار کے مطابق بیرون ملک سے ترسیلات زر میں مسلسل چوتھے مہینے کمی واقع ہوئی ہے، جو دسمبر 2022ء میں 31 ماہ کی کم ترین سطح 2 ارب ڈالر پر پہنچ گئیں۔ اسحاق ڈار کے ستمبر 2022 کے آخر میں وزیر خزانہ کے طور پر واپس آنے کے بعد سے ترسیلات زر میں مجموعی طور پر 16 فیصد کمی آئی ہے کیونکہ انہوں نے اس کے بجائے کہ مارکیٹ فورسز (زیادہ تر کمرشل بینک) کو انٹربینک مارکیٹ میں کرنسی کی شرح کا تعین کرنے دیں، فوری طور پر روپے اور ڈالر کی شرح تبادلہ کو کنٹرول کرنا شروع کر دیا، ان کے اقدامات نے پاکستان میں بلیک کرنسی مارکیٹ کو دوبارہ جنم دے دیا، جو کوویڈ-19 وباء کے دنوں میں تقریباً ختم ہوگئی تھی۔ سری لنکا اور بنگلا دیش نے ماضی قریب میں بلیک کرنسی مارکیٹ میں چلی جانے والی ترسیلات زر کو قانونی سسٹم میں واپس لانے کے لیے بیرون ملک مقیم باشندوں کو بہتر شرح مبادلہ کی پیشکش کی، جس کے مثبت نتائج برآمد ہوئے تھے۔ ایکسچینج کمپنیز ایسوسی ایشن آف پاکستان کے جنرل سیکرٹری ظفر پراچہ کا کہنا ہے کہ بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کو بہتر قیمت (ایکسچینج ریٹ) کی پیشکش نہ صرف سسٹم میں کھوئی ہوئی رقوم کو واپس لائے گی بلکہ چھ ماہ (جنوری-جون 2023) میں ورکرز کی ترسیلات زر میں 15 فیصد اضافہ بھی کر سکتی ہے۔ 28 ستمبر 2022 کو نئے وزیر خزانہ اسحاق ڈار کی تقرری کے بعد سے نہ صرف انٹربینک اور اوپن مارکیٹ ریٹ کے درمیان فرق میں اضافہ ہوا ہے بلکہ اس نے ایک نئی شرح کو بھی جنم دیا یعنی ڈالر کی کمی کی وجہ سے بلیک مارکیٹ شرح تبادلہ کو۔ ٹاپ لائن سیکیورٹیز کی تحقیقی رپورٹ کے مطابق اسحاق ڈار کی تقرری کے بعد ترسیلاتِ زر اکتوبر سے دسمبر 2022 میں سال بہ سال بنیادوں پر 16 فیصد کم ہو کر 6.4 ارب ڈالر رہ گئیں۔ اوپن مارکیٹ میں امریکی ڈالرز کی کمی کی ایک بڑی وجہ یہ بھی ہے کہ اب ایکسچینج کمپنیوں کو اسٹیٹ بینک کی ہدایت کے مطابق 100 فیصد ترسیلات زر انٹربینک مارکیٹ میں لانی پڑتی ہیں۔ یاد رہے کہ بہت سے سمندر پار پاکستانیوں نے غیر رسمی چینلز مثلاً غیر قانونی حوالہ ہنڈی آپریٹرز کے ذریعے اپنے رشتہ داروں کو رقوم بھیجنا شروع کر دی ہیں کیونکہ انہیں بلیک مارکیٹ میں بہتر شرح مبادلہ 265 روپے فی ڈالر مل رہی ہے جبکہ قانونی آپریٹرز مثلاً بینکوں اور کرنسی ڈیلروں کے ذریعے کنٹرولڈ ریٹ 228 روپے فی ڈالر ملتا ہے۔

## صرف پر چیز ٹیکس عائد کر کے 15 ہزار ارب کا ریونیو اکٹھا ہو سکتا ہے، پاکستان ٹیکس فورم

لاہور (بزنس ڈیسک) پاکستان ٹیکس فورم کے چیئرمین ذوالفقار خان نے کہا ہے کہ پاکستان کو بدترین معاشی بدحالی سے نکالنے کیلئے دیگر اقدامات کے ساتھ ساتھ ٹیکس نظام میں موثر اصلاحات ناگزیر ہیں، حکومت پائلٹ پراجیکٹ کے طور پر تمام ٹیکسز کا خاتمہ کر کے صرف 20 فیصد پر چیز ٹیکس عائد کرنے کا تجربہ کرے جس سے 15 ہزار ارب روپے کا ریونیو اکٹھا ہو سکتا ہے اور تمام ٹیکسز کے خاتمے سے مہنگائی بھی 50 فیصد کم ہو سکتی ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے معاشی نظام کی بہتری کیلئے منعقدہ مذاکرے میں گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر معاشی مسائل کے حل کیلئے مرتب کی گئی کتاب ''پرامن انقلاب'' کے مصنف افتخار خان بھی موجود تھے۔ ذوالفقار خان نے کہا کہ پاکستان میں کئی طرح کے ٹیکسز عائد ہیں اور ان کے ریٹس بھی دنیا کے دیگر ممالک کے مقابلے میں بہت زیادہ ہیں، ایس آر اوز اور منی بجٹ سے ٹیکس دہندگان کا حکومتوں اور ایف بی آر سے اعتماد اٹھ گیا ہے، یہی وجہ ہے کہ نئے لوگ ٹیکس نظام میں آنے سے گھبراتے ہیں جس کی وجہ سے ملکی آمدن میں اخراجات کے مطابق اضافہ نہیں ہوتا اور مجبوری میں قرضوں کی ضرورت پڑتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان قرضوں اور سود کے شکنجے میں جکڑا جا چکا ہے، جو ٹیکس آمدن عوام کی فلاح و بہبود پر خرچ ہونی چاہیے وہ قرض کی قسطوں اور سود کی ادائیگی میں چلا جاتا ہے۔ انہوں نے زور دے کر کہا کہ حکومت صرف بیورو کریسی کے مشوروں پر عمل کرنے کی بجائے مختلف شعبوں کے ماہرین کی جانب سے دی جانے والی تجاویز کو بھی زیر غور لایا کرے۔

## پینے کے پانی کے 20 برانڈ ڈ نمونے استعمال کیلئے غیر محفوظ قرار

حکومت نے پینے کے بوتل بند پانی (منرل واٹر) کے 20 برانڈز کا پانی انسانی استعمال کے لیے غیر محفوظ قرار دے دیا ہے۔ رپورٹ کے مطابق حکومتِ پاکستان نے پاکستان کونسل فار ریسرچ ان واٹر ریسورسز (پی سی آر ڈبلیو آر) کو ہدایت کی ہے کہ وہ منرل واٹر کے برانڈز کی سہ ماہی نگرانی کرے اور صحت عامہ کے مفاد میں اس کے نتائج عوامی سطح پر تشہیر کرنے کی ہدایت کی۔ سال 2022 کے دوران اکتوبر سے دسمبر تک 22 شہروں سے منرل واٹر کے برانڈز کے پانی کے 168 نمونے جمع کیے گئے۔ پاکستان اسٹینڈرڈز اینڈ کوالٹی کنٹرول اتھارٹی (پی ایس کیو سی اے) کے منرل واٹر کے معیار کے ساتھ ان نمونوں کی جانچ کے نتائج کا موازنہ کرنے سے یہ بات سامنے آئی کہ خردبینی حیاتیات یا کیمیائی آلودگی کی وجہ سے 20 برانڈز انسانی استعمال کے لیے غیر محفوظ ہیں۔ بیسٹ نیچرل، ایکسیلنٹ نیچرل، کلیئر، پنار، نینو، آئس ڈراپ، پریمیم صفا، اورویل، انڈس، منوا کشف، بارسے، اور نایاب پیور لائف جیسے 12 برانڈز سوڈیم کی زیادہ مقدار کی وجہ سے غیر محفوظ قرار دیے گئے۔


CARBONLESS
WHITE & COLOUR
24 X 34 23 X 36

CB + CFB + CF CARD

Colour Cards

COPY PAPER A4

CHAND TRADERS

Karachi Office: 1-AL Mohsin Building,
Tayyabji Road, Karachi. 74200.
Tel: 32627311 - 32627411

Lahore Office: 44-Zulqarnain Chambers,
Ganpat Road, Lahore. 54000
Tel:37232889 - 37248501
Fax: 37227826
E-mail: chandtraders92@gmail.com





یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# کاروباری مواقع
# TENDERS

## سندھ بینک کو پرنٹنگ خدمات درکار

ٹینڈر حوالہ نمبر:
SNDB/COK/Admin/TD/1290/2023
سیکیورٹی اسٹیشنری کی پرنٹنگ اور سپلائی
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ:2 فروری 2023ء
برائے رابطہ: ہیڈ آف ایڈمنسٹریشن ڈویژن، بی۔2 فلور، فیڈریشن ہاؤس، عبداللہ شاہ غازی روڈ، کلفٹن، کراچی۔
فون:021-35829320/403

## بہاؤالدین ذکریا یونیورسٹی کا پیپر و پرنٹنگ ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر:T/2022-23/35
آفسیٹ پیپر، 68 گرام، سائز23x36، تعداد:220 ریم
آفسیٹ پیپر، 68 گرام، سائز18x23، تعداد:3500 ریم
آفسیٹ پیپر، 68 گرام، سائز20x30، تعداد:30 ریم
آفسیٹ پیپر، 68 گرام، سائز17x27، تعداد:300 ریم
کرافٹ پیپر، 90 گرام، سائز23.5x35، تعداد:10 ریم
آنسر شیٹ کی پرنٹنگ
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ:6 فروری 2023ء
برائے رابطہ: پرچیز سیکشن، ملتان۔
فون:061-9210071-5
111-2299-88EXT:1318

## حیدرآباد انٹر بورڈ کا پیپر، پرنٹنگ و اسٹیشنری کا ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر:BISE-GEN-STORE/070
امتحانی میٹریل کی پرنٹنگ، کمپیوٹر پیپرز، اسٹیشنری آئٹمز۔
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ:25 جنوری 2023ء
برائے رابطہ: اسسٹنٹ سیکریٹری آفس، حیدرآباد۔
فون:0318-9300110

## پنجاب ایجوکیشن سینٹر کا پرنٹنگ کا ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر:CS(TALEEM)1-2/2023
ٹیبل بک لیٹس کی پرنٹنگ
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ:30 جنوری 2023ء
